نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی کا ضلع بھکر کا دورہ

کاشتکاروں کو کھادوں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کے لئے محکمہ زراعت کے افسران کھادوں کے مقررہ نرخوں پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کرنے کے ساتھ طلب اور رسد پر کڑی نظر رکھیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی

لاہور: 26 جنوری 2022(   ) کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ میں ملوث عناصر کے خلاف بلاتفریق قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت کے افسران روزانہ بنیاد پر کھادوں کے مقررہ نرخوں پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کرنے کے علاوہ طلب اور رسد پر بھی کڑی نظر رکھیں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے ضلع بھکر میں اپنے دورہ کے موقع پر کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔افسران وعملہ منڈیوں کا دورہ کرے اور ڈیلرز حضرات سے رابطہ میں رہے تا کہ ڈیمانڈ اور سپلائی میں تعطل پیدا نہ ہو۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی کو کارکردگی سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ کھادوں کی ڈیمانڈ اینڈ سپلائی پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے ڈویژن میں یوریا اور ڈی اے پی کھاد کے اسٹاک کے متعلق تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھکر میں ذخیرہ اندوزی میں ملوث کھاد ڈیلرز کے خلاف 9 ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے جبکہ اس سلسلہ میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے علاوہ ازیں مجموعی طور پر 13 لاکھ 47 ہزار روپے سے زائد جرمانے بھی عائد کیے گئے ہیں۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر میانوالی خرم شہزاد نے بھی شرکت کی اور اس سلسلہ میں سیکرٹری زراعت پنجاب کو میانوالی کی مجموعی صورت حال سے بھی آگاہی فراہم کی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر محمد اسلم، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) سرگودھا فیاض کندی، ڈائریکٹر سائل فرٹیلیٹی قاضی محمد اکرم اور ڈائریکٹر سٹرس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سرگودھا محمد نواز میکن سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆